نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731,99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق پیشرفت بارے جائزہ لیا گیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلئے 7 لاکھ 25 ہزار کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل کی جاچکی ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور:27 اگست 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلئے 7 لاکھ 25 ہزار کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل کی جاچکی ہے۔ 31 اگست تک کسان کارڈ کی رجسٹریشن کیلئے 10 لاکھ کاشتکاروں کا ہدف حاصل کر لیا جائے گا۔ وہ آج وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق پیشرفت کیلئے زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ کسان کارڈ کی رجسٹریشن کے ہدف کے حصول کیلئے جاری آگاہی مہم میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔ کسان کارڈ کی رجسٹریشن صرف ایک ایس ایم ایس کے ذریعے کی جا رہی ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ 3 لاکھ 15 ہزار کاشتکاروں کا ڈیٹا بینک آف پنجاب کو بھیج دیا گیا ہے۔ انھوں نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بینک آف پنجاب محکمہ زراعت کے ساتھ ڈسٹرکٹ اور تحصیل کے فوکل پرسنز کی لسٹ شئیر کرے۔ تحصیل کی سطح پر بینک آف پنجاب کی برانچوں میں یکم ستمبر سے وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ دستیاب ہوں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے ذریعے خریداری کے علاوہ 25 فیصد کیش نکلوانے کی سہولت بارے تجاویز کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر انھوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی جلد شروع کی جائے گی۔ 1 سے 25 ایکڑ

زرعی اراضی کے کاشتکاران زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے اہل ہوں گے۔زرعی ٹیوب ویلز کی سولرائزیشن کیلئے 67 فیصد سبسڈی فراہم کی جائے گی۔وزیر اعلیٰ پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے تحت 1 ہزار زرعی گریجوایٹس کی سلیکشن مکمل ہو چکی ہے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) چوہدری عبدالحمید،ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم،ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران اور بینک آف پنجاب کے نمائندگان نے شرکت کی۔

☆☆☆☆